مصالحتی انجمن

(مقامی سطح پر تنازعات کے حل کے لیے مصالحتی انجمن کا کردار، اہمیت اور کاروائی کا طریقۂ کار)

بحوالہ

لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانونؔ انصاف
اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کے لئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

مصالحتی انجمن

(مقامی سطح پر تنازعات کے حل کے لیے مصالحتی انجمن کا کردار، اہمیت اور کاروائی کا طریقہ کار)

سوال 1۔ مصالحتی انجمن سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ اس سے مراد لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001ئ کے تحت یونین کونسل کی سطح پر تنازعات کو حل کرنے کے لیے تشکیل دیئے جانے والا ادارہ ہے جو عدالتی نظام پر بوجھ کو کم کرنے کے لیے متبادل ذریعہ ہے۔

سوال 2۔ مصالحتی انجمن کے ذریعے کس قسم کے تنازعات کو حل کیا جاسکتا ہے؟

جواب۔ مصالحتی انجمن کے ذریعے دیوانی اور فوجداری دونوں اقسام کے تنازعات کو حل کیا جاسکتا ہے ان کے علاوہ گھریلو تنازعات وغیرہ بھی مصالحتی انجمن کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں البتہ ایسے تنازعات کے لئے مصالحتی انجمن صلح صفائی کا راستہ نکالنے کی کوشش کرتی ہے۔ ایسے تنازعات جن کا فیصلہ مصالحتی انجمن کے ذریعے کیا گیا ہو کو قانونی حیثیت حاصل ہوتی ہے اور عدالت ان کو نافذ کرنے کا حکم دیتی ہے۔

سوال 3۔ مصالحتی انجمن کی تشکیل کا کیا طریقہ کار ہے؟

جواب۔ مصالحتی انجمن 3 ممبران پر مشتمل ہوتی ہے جن کا انتخاب یونین کونسل میں موجود انصاف کمیٹی اپنے انتخاب کے 30 دن کے اندر اچھی شہرت کے حامل افراد میں سے کرتی ہے۔ یونین کونسل کے ناظم، نائب ناظم یا یونین کونسل کے اراکین میں سے کسی کو ممبر منتخب نہیں کیا جاسکتا۔

سوال 4۔ انصاف کمیٹی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ اس سے مراد ضلع، تحصیل اور یونین کونسل کی سطح پر قائم ایسا ادارہ ہے جو مصالحتی انجمن کے ممبران کے انتخاب کے علاوہ کسی ممبر کے اپنے فرائض میں غفلت برتنے کی شکایت پر متعلقہ ممبر کو معطل بھی کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ شہریوں کو انصاف میں تاخیر یا ماتحت عدالتوں کی کاروائی نہ کرنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی مشکلات کو ہائی کورٹ کی انسپیکشن ٹیم کے ارکان تک پہنچاتا ہے۔

سوال 5۔ کیا مصالحتی انجمن کی قائم کردہ مصالحتی کمیٹی کے ممبران کے علاوہ کسی اور شخص کو بطور مُصلح مقرر کیا جاسکتا ہے؟

جواب۔ کسی خاص تنازعہ کے فریقین اگر مصالحتی کمیٹی میں کسی اور شخص کے بطور ممبر تقرری کی درخواست کریں تو یونین ناظم انصاف کمیٹی کے مشورے سے اس تنازعہ کے لئے کسی دوسرے شخص کو بطور ممبر مقرر کر سکتا ہے۔

سوال 6۔ مصالحتی انجمن کے کیا اختیارات ہیں؟

جواب۔ یونین کونسل کے ناظم، انصاف کمیٹی کے اراکین اور مصالحتی انجمن کے ممبر اپنی یونین کونسل کی حدود میں تنازعات کے دوستانہ حل کی

کوشش کر سکتے ہیں خواہ ان تنازعات کے متعلق مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہو البتہ اس کے لیے متعلقہ فریقین کی رضامندی حاصل کرنا ضروری ہے۔ مصالحتی انجمن کے ذریعے تنازعات کو حل کرانے کے لئے کسی قسم کی فیس جمع کرانا ضروری نہیں ہے۔

سوال 7۔ مصالحتی انجمن میں تنازعات کو درج کرانے کا اختیار کس کے پاس ہے؟

جواب۔ مصالحتی انجمن میں تنازعات کو درج کرانے کے لیے فریقین کے علاوہ مجاز عدالتیں بھی یونین ناظم کے ذریعے کسی معاملے کو مصالحتی انجمن میں بھیج سکتی ہیں۔

سوال 8۔ تنازعات کے حل کے لیے مصالحتی انجمن میں کاروائی کا کیا طریقہ کار ہے؟

جواب۔ تنازعات کے حل کے لیے مصالحتی انجمن میں کاروائی کرنے کا طریقہ کار درج ذیل ہے:

(1) تنازعہ کے حل کے لیے کاروائی یونین کونسل کی حدود کے اندر کی جاتی ہے۔

(2) کاروائی کرنے کے لیے کوئی بھی مناسب ضابطہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔

(3) کسی وکیل کو کاروائی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوتی۔

(4) تنازعہ کے فیصلے پر یونین کونسل کے سیکرٹری کے دستخط کیے جاتے ہیں اور اس فیصلہ کی نقول فریقین کو مہیا کی جاتیں ہیں۔

سوال 9۔ مصالحتی انجمن کی کارکردگی کو جانچنے کا اختیار کس کے پاس ہے؟

جواب۔ یہ اختیار انصاف کمیٹی کے پاس ہے کہ وہ مصالحت انجمن کی کاردگی کو جانچے اور 3 ماہ کے بعد رپورٹ یونین کونسل کو بھیجے اس کے علاوہ انصاف کمیٹی مصالحتی انجمن کو دیئے گئے مقدمات کے دورانیے کی نگرانی کا اختیار بھی رکھتی ہے۔

سوال 10۔ مصالحتی انجمن سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی مصالحتیا نجمن سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں:

(1) قانون وانصاف کمیشن، حکومتِ پاکستان، سپریم کورٹ بلڈنگ، اسلام آباد، فون نمبر 051-9220483۔
فیکس نمبر 051-9214416، ای میل ljcp@ljcp.gov.pk، ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk

۔

(2) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(3) لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001ئ۔